## ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے کے خلاف ایم کیوایم کے زیر اہتمام سکھر، عمرکوٹ، نوشہرو فیروز، دادو اور کشمور میں پر امن احتجاجی ریلیاں نکالیں گئی

## ریلیاں متعلقہ شہروں کے پریس کلبوں پر اختتام پذیر ہوئی جہاں مظاہرین نے اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا

## ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملہ کھلی دہشت گردی ہے، شر پسند وکلاء دہشت گردی اور غنڈہ گردی پر یقین رکھتے ہیں۔ مقررین

کراچی۔۔۔2 ستمبر 2007ء۔۔۔شر پسند وکلاء کی جانب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے اور انہیں وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے کے خلاف منگل کو سندھ کے شہروں سکھر، عمرکوٹ، نوشہرو فیروز، دادو اور کشمور میں ایم کیوایم کے زونوں کے زیر اہتمام بڑی بڑی احتجاجی ریلیاں نکالیں گئیں جن میں مختلف قومیتوں اور اقلیتی برادریوں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنان، منتخب نمائندوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے میں ملوث شر پسند وکلاء کے خلاف سخت کارروائی کے مطالبات اور مذمتی کلمات درج تھے۔ احتجاجی ریلیوں کے شرکاء نے ایم کیوایم کے حق میں اور شر پسند وکلاء کے گھناؤنے عمل کے خلاف زبردست نعرے بازی بھی کی۔ ایم کیوایم عمرکوٹ زون کے زیر اہتمام زونل آفس سے نکالی گئی جو عمرکوٹ پریس کلب پر پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی اس احتجاجی ریلی کے شرکاء سے حق پرست رکن سندھ اسمبلی پونجومل بھیل اور عمرکوٹ زونل کمیٹی کے اراکین نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملہ اور تشدد سفاکانہ عمل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حملہ آوروں کو گرفتار کیا جائے اور آئین وقانون کے مطابق سزا دی جائے۔ نوشہرو فیروز زون سے ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے کے خلاف بڑی احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جو مختلف علاقوں سے ہوتی نوشہرو فیروز پریس کلب پر پہنچی جہاں احتجاجی مظاہرین نے اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا۔ ریلی کے شرکاء سے وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی حسین بخش سولنگی اور ایم کیوایم کی زونل کمیٹی کے اراکین نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملہ اور تشدد کھلی دہشت گردی ہے اور اس میں ملوث شر پسند وکلاء آئین وقانون پر نہیں بلکہ دہشت گردی اور غنڈہ گردی پر یقین رکھتے ہیں۔ کشمور زون کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی بھی زونل آفس سے نکالی گئی جو کشمور پریس کلب پر پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی جس سے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ڈاکٹر شنکر لال اور کشمور زونل کمیٹی کے اراکین نے خطاب کیا اور ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے اور تشدد کی شدید مذمت کی۔ ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے کے خلاف ایم کیوایم سکھر زونل آفس سے پر امن احتجاجی ریلی نکالی گئی جو سکھر پریس کلب پر پہنچ کر ختم ہوئی۔ ریلی میں ایم کیوایم کے سینکڑوں کارکنوں، ہمدردوں اور سکھر کے منتخب حق پرست ناظمین اور کونسلروں نے شرکت کی۔ مظاہرین نے زوردار نعرے لگا کر اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا۔ ریلی کے شرکاء سے وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی نصرت عزیز اور سکھر کے تعلقہ ناظم نعیم صدیقی نے خطاب کیا۔ اسی طرح ایم کیوایم دادو زون کے زیر اہتمام تعلقہ میہڑ، تعلقہ خیر پور ناتھن شاہ اور تعلقہ سٹی دادو سے بھی احتجاجی ریلیاں نکالی گئیں جو پریس کلب دادو پر جا کر اختتام پذیر ہوئی جن سے دادو زونل کمیٹی کے اراکین نے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ شر پسند وکلاء کا ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملہ دراصل 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے پر حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء کا کام مظلوم عوام کو انصاف کی فراہمی ہے لیکن بعض شر پسند وکلاء جن گھناؤنے مقاصد کی تکمیل کیلئے کام کر رہے ہیں وہ ڈاکٹر فاروق ستار پر حملے کے بعد سامنے آچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کسی بھی قسم کی دہشت گردی اور غنڈہ گردی سے خوفزدہ نہیں ہوگی اور تمام تر غنڈہ گردیوں کے باوجود اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے صدر جنرل پرویز مشرف، وزیر اعظم شوکت عزیز اور چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس افتخار محمد چوہدری سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے میں ملوث شر پسند وکلاء کے خلاف آئین وقانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور اس سلسلے میں عوامی خواہشات کا مکمل احترام رکھا جائے۔

## فرانس کے قونصل جنرل PIERRE SIYA نے ڈاکٹر فاروق ستار کی عیادت کی

کراچی۔۔۔2 ستمبر 2007ء۔۔۔فرانس کے قونصل جنرل PIERRE SIYA نے کراچی کے نجی اسپتال میں زیر علاج اسلام آباد میں وکلاء کی جانب سے قاتلانہ حملے اور بہیمانہ تشدد کے نتیجے میں شدید زخمی ہونیوالے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز، امور خارجہ کی اسٹینڈنگ کمیٹی کے چیئرمین وقومی اسمبلی میں حق پرست گروپ کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار کی اسپتال جا کر عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ انہوں نے فاروق ستار کی نازک حالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان سے واقعے کی تفصیلات معلوم کیں۔ انہوں نے اپنی جانب سے ڈاکٹر فاروق ستار کو پھولوں کا گلدستہ بھی پیش کیا اور ان سے ہمدردی کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے

دعا کی۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رکن رابطہ کمیٹی شاہد لطیف نے بھی ڈاکٹر فاروق ستار کی عیادت کی اوران کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے کے خلاف 3، اکتوبر کو پریس کلب پر ہونے والا احتجاجی مظاہرہ ملتوی کردیا گیا

کراچی۔۔۔2، اکتوبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات کے ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی کی جانب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز وقومی اسمبلی میں حق پرست گروپ کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار پر شرپسند وکلاء کے قاتلانہ حملے کے خلاف 3، اکتوبر بدھ کو دوپہر دو بجے کراچی پریس کلب کے باہر ہونے والا پرامن احتجاجی مظاہرہ ناگزیر وجوہات کی بناء پر ملتوی کردیا گیا ہے۔

## ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے کے خلاف ایم کیوایم کی جانب سے حیدرآباد، ٹھٹھہ، خیرپور، بدین اور لاڑکانہ میں احتجاجی مظاہرے اور ریلیاں نکالی گئیں

## احتجاجی مظاہرے اور ریلیوں میں ایم کیوایم کے منتخب نمائندوں، زونل کمیٹیوں کے اراکین، کارکنان اور عوام نے بھرپور تعداد میں شرکت کرکے اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا

کراچی۔۔۔2، ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار پر تشدد پسند وکلاء کے قاتلانہ حملے کے خلاف گزشتہ روز کراچی کی طرح سندھ کے شہروں حیدرآباد، ٹھٹھہ، خیرپور، بدین اور لاڑکانہ میں بھی احتجاجی مظاہرے اور ریلیاں نکالی گئیں جن میں ایم کیوایم کے منتخب نمائندوں، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور ڈاکٹر فاروق ستار پر بہیمانہ تشدد کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا۔ ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زیراہتمام حیدرآباد پریس کلب پر پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا جس میں ایم کیوایم کے ارکان اسمبلی سمیت ہزاروں کارکنوں، بزرگوں اور خواتین نے شرکت کی جنہوں نے ڈاکٹر فاروق ستار پر شرپسند وکلاء کے قاتلانہ حملے خلاف شدید احتجاج کیا اور نعرے بازی کی۔ ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے تحت زونل آفس سے ٹھٹھہ پریس کلب تک بڑی احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں کارکنوں اور ہمدردوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے کی شدید مذمت کی۔ ایم کیوایم خیرپور زون کے تحت احتجاجی ریلی زونل آفس سے شروع ہوئی جو پریس کلب خیرپور جاکر اختتام پذیر ہوئی۔ ایم کیوایم بدین زون کے زیراہتمام احتجاجی ریلی بدین زون سے نکالی گئی جو ایوان صحافت اور پریس کلب پر پہنچی جہاں مظاہرین نے ڈاکٹر فاروق ستار پر ہونے والے قاتلانہ حملے کے خلاف اپنا بھرپور احتجاج ریکارڈ کرایا۔ سندھ کے دیگر شہروں کی طرح ایم کیوایم لاڑکانہ زون کے تحت لاڑکانہ زون اور ڈوکری سیکٹر سے پرامن احتجاجی ریلیاں نکالیں گئیں جو شہر کی مختلف شاہراہوں پر سے ہوتی ہوئی لاڑکانہ پریس کلب پہنچیں جہاں پر مظاہرین نے پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا اور ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔ احتجاجی مظاہروں سے ایم کیوایم کے منتخب نمائندوں اور زونل کمیٹیوں کے اراکین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شرپسند وکلاء نے ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملہ کرکے اپنے مذموم عزائم کو بے نقاب کردیا ہے جس سے ثابت ہوگیا ہے کہ آئین وقانون کی بالادستی کی باتیں کرنے والے دراصل غنڈہ گردی اور دہشت گردی پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ، آئین اور قانون کی آزادی کے نعرے کی آڑ میں نام نہاد اور تشدد پسند وکلاء کی غنڈہ گردی ہرگز چلنے نہیں دی جائے اور جو وکلاء اس گھناؤنے عمل میں ملوث ہیں ان کا امن پسند وکلاء تنظیموں کی جانب سے بھرپور احتساب کرنا چاہئے۔ اس موقع پر مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز بھی اٹھا رکھے تھے جن پر نام نہاد تشدد پسند وکلاء کے خلاف کارروائی کرنے کے مطالبات اور نعرے تحریر تھے۔

## ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے میں ملوث شرپسند وکلاء کو فی الفور گرفتار کرکے آئین وقانون کے مطابق سزا دی جائے

## ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کا ہنگامی اجلاس میں مطالبہ

کوئٹہ۔۔۔2، ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کا ایک ہنگامی اجلاس صوبائی دفتر کوئٹہ میں منعقد ہوا جس کی صدارت ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی نے کی۔ اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار کو شرپسند وکلاء کی جانب سے بہیمانہ تشدد کا نشانہ

بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی اور مطالبہ کیا گیا کہ اس بہیمانہ عمل میں ملوث شر پسند وکلاء کو فی الفور گرفتار کر کے آئین وقانون کے مطابق سزا دی جائے۔اجلاس میں کہا گیا کہ جونام نہاد وکلاء ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے میں ملوث ہیں وہ ماضی میں سپریم کورٹ کی جانب سے اپنے حق میں آنے والے فیصلے پر بغل گیر ہورہے تھے لیکن آج یہی منافق وکلاء کالے کوٹ کا ناجائز استعمال کر کے اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں اور ان کی جانب سے کھلی غنڈہ گردی کا مظاہرہ کیا جارہا ہے جو آئین وقانون کی دھجیاں اڑانے کے مترادف ہے۔اجلاس میں کہا گیا کہ ڈاکٹر فاروق ستار عوام کے لاکھوں ووٹوں سے منتخب ہونے والے حق پرست نمائندے ہیں اور ان کا سیاسی عمل وکردار انسانی ہمدردی کے طور پر جانا جاتا ہے لیکن نام نہاد وکلاء نے ان پر قاتلانہ حملہ کر کے جمہوری روایت کو بھی سبوتاژ کر دیا ہے اور ثابت کر دیا ہے کہ ان کے نزدیک آئین، قانون اور عدلیہ کا احترام کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔اجلاس میں ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ڈاکٹر فاروق ستار پر بلا جواز قاتلانہ حملے سے بلوچستان میں کارکنان اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے اور ضرورت اس بات کی ہے کہ وکلاء کی جانب سے اس غیر جمہوری، غیر انسانی اور غیر قانونی عمل کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔اجلاس میں ڈاکٹر فاروق ستار سمیت زخمی صحافیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی گئی۔

## چیف جسٹس شر پسند وکلاء کی جانب سے ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے کا ازخود نوٹس لیں،ایم کیوایم ضلع جعفر آباد

کوئٹہ۔۔۔2 ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ ضلع جعفر آباد کے آرگنائزر سردار خان بھٹی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے شر پسند وکلاء کی جانب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق پر قاتلانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے اور اسے بزدلانہ کارروائی قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ تشدد پسند وکلاء نے ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے کا گھناؤنا عمل کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ عدلیہ اور آئین وقانون کی بالادستی پر کوئی یقین نہیں رکھتے بلکہ محض غنڈہ گردی اور دہشت گردی کے ذریعے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں۔انہوں نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس افتخار محمد چوہدری سے اپیل کی کہ شر پسند وکلاء کی جانب سے ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے کا فی الفور ازخود نوٹس لیں اور وکلاء برادری میں موجود کالی بھیڑوں کو قرار واقعی سزا دیں۔انہوں نے ڈاکٹر فاروق ستار سے مکمل ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے کے خلاف ایم کیوایم پنجاب کے تمام ضلعی دفاتر میں مذمتی قرار دادیں منظور کی گئیں۔قاتلانہ حملہ کرنے والے وکلاء کو فی الفور گرفتار کیا جائے،ایم کیوایم پنجاب

لاہور۔۔۔2 ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے تمام ضلعی دفاتر میں ضلعی آرگنائزنگ کمیٹیوں کے اجلاس منعقد ہوئے جن میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار پر شر پسند وکلاء کے قاتلانہ حملے کے خلاف مذمتی قرار دادیں منظور کی گئیں۔ان اجلاسوں میں ایم کیوایم پنجاب کے ضلعی عہدیداروں نے ارباب اختیار سے شر پسند وکلاء کی گرفتاری اور انکی ضمانتیں ضبط کرنے کے مطالبات کئے۔دریں اثناء ایم کیوایم پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کا مذمتی اجلاس ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں آرگنائزر امان اللہ خان ایڈووکیٹ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں سید جاوید علی شاہ، سردار ہمایوں خان، ڈاکٹر علی حسن چوہدری اور عنصر علی بٹر نے شرکت کی۔اجلاس میں اسلام آباد میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر، پارلیمانی لیڈر اور کراچی کے سابق میئر ڈاکٹر فاروق ستار پر نام نہاد وکلاء کی جانب سے قاتلانہ حملہ اور انہیں وحشیانہ و بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی۔پنجاب کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملہ سے عوام میں غم وغصہ کا پایا جانا فطری عمل ہے لیکن اس کے باوجود ایم کیوایم احتجاج کا پرامن قانونی راستہ اختیار کرے گی۔اجلاس میں طے کیا گیا کہ ایم کیوایم پنجاب اس وقت تک قاتلانہ حملہ کی مذمت کرتی رہے گی جب تک اس میں ملوث نام نہاد وکلاء کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق قرار واقعی سزا نہیں دی جاتی۔

## نام نہاد وکلاء سیاسی و مذہبی اور فاشسٹ ذہنیت رکھنے والی جماعتوں کے ساتھ ملکر آئین اور قانون کی دھجیاں بکھیر رہے ہیں،ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی

کراچی۔۔۔2 ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج سلیم تاجک اور اراکین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر وقومی اسمبلی

میں حق پرست گروپ کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار پر نام نہاد وکلاء کے قاتلانہ حملے اور انہیں وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ ہے کہ حملے میں ملوث دہشتگردوں کو الفور گرفتار کیا جائے۔اپنے ،مشترکہ بیان میں اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی نے کہا کہ نا نہاد وکلاء کی جانب سے ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے اور انہیں وحشیانہ طریقے سے زدوکوب کرنے کے عمل نے ان نام نہاد وکلاء کے چہرے سے نقاب اتار دیا اور واضح کردیا ہے کہ یہ شرپسند وکلاء آئین وقانون کیلئے نہیں بلکہ سیاسی مقاصد کیلئے کام کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ چند نام نہاد وکلاء سیاسی ومذہبی اور فاشٹ ذہنیت رکھنے والی جماعتوں کے ساتھ ملکر آئین اور قانون کی دھجیاں بکھیر رہے ہیں۔اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس افتخار محمد چوہدری سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر فاروق ستار پر نام نہاد اور تشدد پسند وکلاء کے بہیمانہ تشدد کا ازخود نوٹس لیا جائے اور اس کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرا کر ملوث عناصر کو قرار واقعی سزا دی جائے۔

## ڈاکٹر فاروق ستار کی عیادت کرنے والے تمام سیاسی رہنماؤں،ارکان پارلیمنٹ،سفارتکاروں اور سول سوسائٹی کی شخصیات سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تشکر

کراچی۔۔۔2،ستمبر 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ان تمام سیاسی رہنماؤں،ارکان پارلیمنٹ ،سفارتکاروں اور سول سوسائٹی کی ان تمام شخصیات سے اظہار تشکر کیا ہے جنہوں نے شرپسند وکلاء کے قاتلانہ حملے اور بہیمانہ تشدد کے نتیجے میں زخمی ہونے والے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار کی عیادت کی،ان کی خیریت دریافت کی اور ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے اور تشدد کی مذمت کی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ انسانی حقوق اور انسانیت پر یقین رکھنے والے تمام شہریوں کو ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے اور وحشیانہ تشدد کے خلاف آواز بلند کرنی چاہیے۔

## ایم کیوایم امریکہ کے زیراہتمام سانحہ حیدرآباد 30 ستمبر اور یکم اکتوبر 1988ء کراچی کے شہداء کی برسی منائی گئی امریکہ کے مختلف یونٹوں میں شہداء کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔اس سلسلے کا مرکزی اجتماع نیوجرسی میں ہوا

واشنگٹن۔۔۔2،ستمبر 2007ء۔۔۔ایم کیوایم امریکہ کے زیراہتمام سانحہ حیدرآباد 30 ستمبر 1988ء اور یکم اکتوبر 1988ء کراچی کے شہداء کی برسی منائی گئی۔اس سلسلے میں امریکہ کے مختلف یونٹوں میں شہداء کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔اس سلسلے کا مرکزی اجتماع نیوجرسی میں ہوا جس میں ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگران اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی،سینٹرل آرگنائزر اعجاز صدیقی،جوائنٹ آرگنائزر فرحت خان،سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے شرکت کی اور شہیدوں کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے اپنے خطاب میں شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے شہیدوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کرسکتے کیونکہ ان کی قربانیاں ہی تحریک کا سرمایہ ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کے سینٹرل آرگنائزر اعجاز صدیقی اور سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے اپنے بیان میں سانحہ حیدرآباد 30 ستمبر 1988ء اور یکم اکتوبر 1988ء کراچی کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ ان سانحات کے ذمہ داروں کو بے نقاب کیا جائے اور قانون کے مطابق عبرتناک سزا دی جائے۔

## آئین وقانون کی بالادستی اور عدلیہ کی آزادی کی باتیں کرنے والے نام نہاد وکلاء کھلی غنڈہ گردی کررہے ہیں۔ایم کیوایم امریکہ

## ایم کیوایم کے کارکنان وعوام غنڈہ گردیوں اور دہشت گردیوں سے ڈرنے اور خوفزدہ ہونے والے نہیں ہیں

## ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے سے امریکہ بھر میں موجود ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں میں غم وغصہ پایا جاتا ہے

واشنگٹن۔۔۔2،ستمبر 2007ء۔۔۔ایم کیوایم کے سینٹرل آرگنائزر اعجاز صدیقی،جوائنٹ آرگنائزرز،سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان،امریکہ کے تمام ذیلی یونٹوں کے انچارجز،یونٹوں کی کمیٹیوں کے ارکان اور کارکنوں نے اسلام آباد میں شرپسند وکلاء کی جانب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملے اور انہیں

وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ آئین وقانون کا احترام ہر شہری کی ذمہ داری ہے لیکن پاکستان میں آئین وقانون کی بالادستی اور عدلیہ کی آزادی کی باتیں کرنے والے نام نہاد وکلاء جس طرح کھلی غنڈہ گردی کررہے ہیں اور اپنے مخالفین کو جس طرح دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں وہ انتہائی قابل مذمت ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر فاروق ستار ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر اور لاکھوں عوام کے منتخب نمائندے ہیں جن پر قاتلانہ حملے اور بہیمانہ تشدد سے پاکستان ہی یں نہیں بلکہ مختلف مما لک کی طرح امریکہ بھر میں موجود ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں میں سخت بے چینی اورغم وغصہ پایا جاتا ہے لیکن ہم اپنی تحریک کی پالیسی اور قائد کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے صبروبرداشت سے کام لے رہے ہیں لیکن ہم کالے کوٹ کی آڑ میں غنڈہ گردی اور دہشت گردی کرنے والوں کو بتادینا چاہتے ہیں کہ ایم کیوایم کے کارکنان وعوام اس قسم کی غنڈہ گردیوں اور دہشت گردیوں سے ڈرنے اور خوفزدہ ہونے والے نہیں ہیں ۔ انہوں نے صدر جنرل پرویز مشرف،وزیراعظم شوکت عزیز اور حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر فاروق ستار پر قاتلانہ حملہ اور تشدد کا نشانہ بنانے والے دہشت گرد وکلاء کو گرفتار کیا جائے۔

☆☆☆☆☆